مسبوق اگر دونوں طرف سلام پھیر دے تو کیا حکم ہے؟

مجیب: ابوحفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2417

تاریخ اجراء: 18 رجب المرجب 1445ھ /30 جنوری 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ایک شخص امام صاحب کے ایک رکعت پڑھانے کے بعد جماعت میں شامل ہوا، جب امام صاحب نے سلام پھیرا، تو اس مسبوق مقتدی نے امام کے ساتھ بھول کر دونوں طرف سلام پھیر دیا اور سلام کے بعد آیۃ الکرسی بھی پڑھ لی، اس کے بعد اُسے یاد آیا کہ وہ تو مسبوق تھا اور اس کی تو ایک رکعت باقی تھی، اب اس صورت میں اس کیلئے کیا حکم شرع ہو گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

پوچھی گئی صورت میں اگر اُس مسبوق مقتدی نے سلام پھیرنے کے بعد نماز کے خلاف کوئی عمل جیسے بات چیت، قہقہہ، جان بوجھ کر حدث طاری کرنا وغیرہ کوئی کام نہیں کیا، تو اب اگرچہ اس نے دونوں طرف سلام پھیر دیا اور آیۃ الکرسی پڑھ لی، اس کیلئے حکم شرع یہ ہے کہ وہ یاد آنے پر فوراً کھڑا ہو جائے اور تکبیر تحریمہ کہے بغیر بقیہ ایک رکعت اور ملالے، کیونکہ بھول کر سلام پھیرنے کی وجہ سے اس کی وہ نماز ختم نہیں ہوئی، لہذا مزید ایک رکعت اور ملا کر وہی نماز پوری کرلے۔

البتہ! اس صورت میں فرض قیام میں تاخیر کی وجہ سے اس مسبوق مقتدی پر سجدہ سہو لازم ہو گا، جو اُسے نماز کے آخر میں کرنا ہو گا۔

واضح رہے کہ! یہ مذکورہ حکم اس صورت میں ہے جبکہ مسبوق نے سلام پھیرنے کے بعد نماز کے خلاف کوئی کام نہ کیا ہو، اگر نماز کے خلاف کوئی کام کر لیا ہو تو اب اسی نماز کو پورا کرنے کی گنجائش نہیں ہو گی، بلکہ نماز کو دوبارہ پڑھنا ہی لازم ہو گا۔

نور الایضاح مع مراقی الفلاح میں ہے:”(مصل رباعية)فريضة(أو ثلاثية)ولو وترا(أنه أتمها فسلم ثم علم)قبل إتيانه بمناف(أنه صلى ركعتين أتمها وسجد للسهو)لبقاء حرمة الصلاة“ترجمہ:چار رکعت فرض نماز، یا تین رکعت نماز پڑھنے والے نے اگرچہ وہ وتر ہو، اگر یہ گمان کیا کہ اس نے نماز پوری کر لی اور سلام پھیر دیا پھر نماز کے خلاف کوئی عمل کرنے سے پہلے اسے یاد آگیا کہ اس نے دو رکعتیں پڑھی ہیں تو اسے حکم ہے کہ وہ بقیہ رکعت پوری کرے اور سجدہ سہو کرے کیونکہ (بھول کر سلام پھیرنے اور منافی نماز کوئی کام نہ کرنے کی وجہ سے) نماز کی تحریمہ باقی ہے (لہذا اسی پر بنا کرنا درست ہے)۔(نور الایضاح مع مراقی الفلاح، صفحہ 473، دار الکتب العلمیہ بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net